احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

سوموار 6 مئی 2002ء

روزنامہ ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 61

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

سوموار 6 مئی 2002ء 22 صفر 1423 ہجری - 6 ہجرت 1381 ہش جلد 52-87 نمبر 100

## ماں سے حسن سلوک کرنے والا

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:
میں رویا میں جنت میں داخل ہوا اور اس میں قرآن کی قراءت سنی میں نے پوچھا یہ کون ہے تو اہل جنت نے کہا یہ حارثہ بن نعمان ہے وہ اپنی ماں کے ساتھ سب لوگوں سے بڑھ کر حسن سلوک کرنے والے تھے۔

(مشکوٰة کتاب الادب باب البر والصلہ)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

شیخ عبدالوہاب صاحب ہندوؤں سے احمدی ہوئے تھے۔ اور ان کی دعوت الی اللہ سے والدہ بھی احمدی ہوگئیں۔ شیخ صاحب نے شادی کرنا چاہی تو والدہ نے اس خیال سے کہ بیٹا الگ ہو جائے گا رضامندی ظاہر نہ کی۔ اور جب انہوں نے شادی کرلی تو اکثر اوقات بہو پر سختی کرتیں اور شیخ صاحب کچھ عرض کرتے تو برا مناتیں۔ شیخ صاحب بیان کرتے ہیں کہ آخر میری والدہ حضرت مسیح موعود کی خدمت میں قادیان حاضر ہوئیں اور نہ معلوم حضور سے کیا کیا میری شکایت کی۔ جب وہ واپس آئیں تو حضور کے دست مبارک کا ایک خط ساتھ لائیں۔ جس پر حضور نے اپنے دستخط کرنے کے علاوہ اپنی مہر اور نشان انگوٹھا بھی ثبت فرمایا تھا۔ حضور کا مکتوب گرامی یہ تھا۔

مجھ کو یہ بات سن کر بہت رنج ہوا۔ اور دل کو سخت صدمہ پہنچا۔ کہ تم اپنی والدہ مسماۃ نکی کی کچھ خدمت نہیں کرتے اور سختی سے پیش آتے ہو اور دھکے بھی دیتے ہو۔ تمہیں یاد رہے کہ یہ طریق (دین) کا نہیں۔ خدا اور اس کے رسول کے بعد والدہ کا وہ حق ہے جو اس کے برابر کوئی حق نہیں۔ خدا کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ جو والدہ کو بدزبانی سے پیش آتا ہے اور اس کی خدمت نہیں کرتا۔ اور نہ اطاعت کرتا ہے وہ قطعی دوزخی ہے پس تم خدا سے ڈرو۔ موت کا اعتبار نہیں ہے ایسا نہ ہو کہ بے ایمان ہو کر مرو۔ حدیثوں میں آتا ہے کہ بہشت ماں باپ کے قدموں کے نیچے ہے۔ اور ایک حدیث میں ہے کہ ایک شخص کی والدہ کو رات کے وقت پیاس لگی تھی۔ اس کا بیٹا اس کے لئے پانی لے کر آیا۔ اور وہ سوگئی۔ بیٹے نے مناسب نہ سمجھا۔ کہ اپنی والدہ کو جگا دے تمام رات پانی لے کر اس کے پاس کھڑا رہا۔ کہ ایسا نہ ہو کہ وہ کسی وقت جاگے اور پانی مانگے۔ اور اس کو تکلیف ہو۔ خدا نے اس خدمت کے لئے اس کو بخش دیا۔ سو سمجھ جاؤ کہ یہ طریق تمہارا اچھا نہیں ہے۔ اور انجام کار ایک عذاب میں گرفتار ہو جاؤ گے۔ اور اپنی عورت کو بھی کہو کہ تمہاری والدہ کی خدمت کرے اور بدزبانی نہ کرے۔ اور اگر باز نہ آوے تو اس کو طلاق دے دو۔ اگر تم میری ان نصیحتوں پر عمل نہ کرو۔ تو میں خوف کرتا ہوں کہ عنقریب تمہاری موت کی خبر نہ سنوں۔ تم نہیں دیکھتے کہ خدا تعالیٰ کا قہر نازل ہے اور طاعون دنیا کو کھائے جاتی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ اپنی بدعملی کی وجہ سے طاعون کا شکار ہو جاؤ۔ اور اگر تم اپنے مال سے اپنی والدہ کی خدمت کرو گے تو خدا تمہیں برکت دے گا۔ یہ وہی والدہ ہے کہ جس نے دعاؤں کے ساتھ تمہیں ایک مصیبت کے ساتھ پالا تھا۔ اور ساری دنیا سے زیادہ تم سے محبت کی۔ پس خدا اس گناہ سے درگزر نہیں کرے گا۔ جلد توبہ کرو۔ جلدی توبہ کرو۔ ورنہ عذاب نزدیک ہے۔ اس دن پچھتاؤ گے دنیا بھی جائے گی اور ایمان بھی۔ میں نے باوجود سخت کم فرصتی کے یہ خط لکھا ہے۔ خدا تمہیں اس لعنت سے بچاوے جو نافرمانوں پر پڑتی ہے اگر تمہاری والدہ بدزبان ہے اور خواہ کتنا ہی بدخلقی کرتی ہے۔ خواہ کیسا ہی تمہارے نزدیک بری ہے اور سب باتیں اس کو معاف ہیں کیونکہ اس کے حق ان تمام باتوں سے بڑھ کر ہیں۔

تمہاری خوش قسمتی ہوگی کہ میری اس تحریر کو پڑھ کر توبہ کرو۔ اور سخت بدقسمتی ہوگی کہ میری اس تحریر سے فائدہ نہ اٹھاؤ۔

شیخ صاحب فرماتے ہیں کہ میں اس خط کو پڑھ کر کانپ گیا۔ اور میرے بدن میں کپکپی پیدا ہوگئی۔ بڑی خوشامد اور لجاجت سے اپنی والدہ سے معافی مانگی اور ان کو خوش کیا۔ اور زندگی بھر ان کی فرمانبرداری اور دل جوئی کو اپنا نصب العین بنا لیا۔

(رفقاء احمد جلد 10 ص 72 ملک صلاح الدین صاحب۔ احمدیہ بک ڈپو قادیان طبع اول 1966ء)

## تحریک جدید نظام نو کیلئے بطور ارہاص

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔
"تحریک جدید گو وصیت کے بعد آئی ہے۔ مگر اس کے لئے پیش رو کی حیثیت میں ہے۔..... ہر شخص جو تحریک جدید میں حصہ لیتا ہے وصیت کے نظام کو وسیع کرنے میں مدد دیتا ہے اور ہر شخص جو نظام وصیت کو وسیع کرتا ہے وہ نظام نو کی تعمیر میں مدد دیتا ہے۔..... پس اے دوستو آپ لوگوں میں سے جس جس نے اپنی اپنی جگہ وصیت کی ہے۔ اس نے نظام نو کی بنیاد رکھ دی ہے اس نظام نو کی جو اس کی اور اس کے خاندان کی حفاظت کا بنیادی پتھر ہے اور جس جس نے تحریک جدید میں حصہ لیا ہے اور اگر وہ اپنی ناداری کی وجہ سے اس میں حصہ نہیں لے سکا تو وہ اس تحریک کی کامیابی کیلئے مسلسل دعائیں کرتا ہے اس نے وصیت کے نظام کو وسیع کرنے کی بنیاد رکھ دی ہے۔

پس اے دوستو! دنیا کا نیا نظام دین کو مٹا کر بنایا جا رہا ہے، تم تحریک جدید اور وصیت کے ذریعہ سے اس سے بہتر نظام دین کو قائم رکھتے ہوئے تیار کرو مگر جلدی کرو کہ دوڑ میں جو آگے نکل جائے گا وہی جیتتا ہے۔" (نظام نو صفحہ 130)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اور ہماری اولادوں کو اپنے فضل سے نظام وصیت اور تحریک جدید کی عظمت اور لازم و ملزوم ربط کو مدنظر رکھتے ہوئے پوری طاقت اور اپنی حیثیت کے مطابق دونوں میں شمولیت کی توفیق عطا فرماتا رہے تا کہ ہم سب اس کے فضلوں کے وارث بن سکیں۔

(ایڈیشنل وکیل المال اول تحریک جدید)

## مستحق بچوں کے اخراجات

ایک مستحق یتیم بچے کے تعلیمی و دیگر اخراجات کا اندازہ خرچ -/500 روپے سے -/1500 روپے ہے۔ آپ ایک یا ایک سے زیادہ بچوں کی کفالت کا ارادہ رکھتے ہیں تو فوری رابطہ فرمائیں۔
(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دار الضیافت ربوہ)

# دعوت الی اللہ کے سنہری گر

## پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

28

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

## عام تبلیغ

شعب ابی طالب سے نکلنے کے بعد حضورؐ نے پھر عام تبلیغ شروع فرمائی۔ اور قبائل کو تبلیغ کرنے کا بہترین ذریعہ یہ تھا کہ حج کے موقعہ پر مکہ اور منیٰ میں اور اشہر حرم کے ایام میں عکاظ، مجنہ اور ذوالمجاز کے میلوں کے موقعہ پر ان کے پاس جا کر تبلیغ کی جاوے۔ اس لئے آپؐ نے ان موقعوں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا شروع کیا اور کثرت کے ساتھ قبائل کا دورہ شروع کر دیا۔ بعض اوقات حضرت ابوبکرؓ اور حضرت علیؓ یا زیدؓ بن حارثہ بھی آپؐ کے ساتھ ہوتے تھے۔ مگر

قریش نے اس میں بھی روک ٹوک شروع کر دی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی چچا ابولہب نے تو گویا اپنا یہ معمول کر لیا تھا کہ جہاں آپؐ تشریف لے جاتے وہ آپ کے پیچھے پیچھے جاتا اور جب آپ اپنی تقریر شروع فرماتے تو وہ شور کرنے لگتا اور لوگوں سے کہتا کہ اس کی بات نہ مانو کیونکہ یہ اپنے دینؐ سے پھر گیا ہے اور تمہارا دین بھی بگاڑنا چاہتا ہے۔ لوگ جب دیکھتے کہ آپ کے اپنے رشتہ دار ہی آپ کو جھٹلا رہے ہیں وہ بھی تکذیب کرتے۔

(سیرۃ ابن ہشام جلد 1 ص 422 باب عرض رسول اللہ نفسہ علی القبائل طبقات ابن سعد جلد 1 ص 216 دار بیروت 1960ء)

اور بعض وقت ہنسی اور مذاق بھی اڑاتے۔ ابولہب کے علاوہ ابوجہل نے بھی کئی دفعہ آپ کے پیچھے جا کر لوگوں کو آپ سے بدظن کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ ایک صحابی روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ جب میں ابھی مسلمان نہیں ہوا تھا۔ میں نے آپ کو ذوالمجاز میں دیکھا کہ آپ لوگوں کے مجمعوں میں گھس کر توحید کا وعظ فرماتے پھرتے تھے۔ اس وقت ابوجہل آپ کے پیچھے پیچھے تھا اور آپ پر خاک پھینکتا جاتا تھا اور کہتا تھا ''اے لوگو! اس کے فریب میں نہ آنا۔ یہ چاہتا ہے کہ تم کو لات وعزیٰ کی پرستش سے پھیر دے''۔

(مسند احمد باقی مسند الانصار۔ حدیث نمبر 22108)

## حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی کا ایمان افروز واقعۂ بیعت

حضرت شیخ نظام الدین صاحب ساکن جہلم نے 5 فروری 1925ء کو ایک حلفیہ بیان میں بتایا کہ مجھے 1888ء یا 1889ء میں بذریعہ خواب قادیان کا نظارہ دکھایا گیا نیز یہ کہ میں اور حضرت مولانا برہان الدین صاحب اور کچھ اور لوگ بھی وہاں حضرت صاحب کی تلاش میں ہیں آخر ہم نے حضور کی زیارت کا شرف حاصل کر لیا حضور ہمیں اپنے مکان میں لے گئے جو گول بنگلہ کی طرح تھا۔ اس خواب کے دو تین سال بعد حضرت مسیح موعود کا چرچا ہوا۔ اور ہم مخالف ہو گئے۔ فیض احمد ویکسی نیٹر کے پیچھے ہم نماز پڑھا کرتے تھے۔ چونکہ وہ احمدی تھے۔ اس لئے بعد میں چھوڑ دی۔ ایک دن کا ذکر ہے۔ کہ ہم ان کے مکان پر بیٹھے ہوئے تھے۔ کہ انہوں نے کہا۔ لکھا ہے۔ کہ حضرت مسیح موعود کے متعلق لوگوں کو بہت خوابیں آئیں گی۔ مجھے بھی اپنی خواب یاد آ گئی۔ چنانچہ میں نے اپنی خواب حضرت مسیح موعود کو لکھ کر بھیجی۔ جواب میں آپ نے لکھا۔ کہ خواب مبارک ہے۔ پھر اس کے کچھ عرصہ بعد ایک دن جمعہ کی نماز پڑھ رہے تھے۔ کہ شیخ اللہ دتا نے مولوی برہان الدین صاحب سے پوچھا۔ کہ آپ کا خیال حضرت مرزا صاحب کے متعلق کیا ہے؟ مولوی صاحب نے فرمایا۔ کہ میں نے پہلے آپ کو دیکھا تھا۔ آپ نہایت متقی پرہیز گار اور دین کی سرتوڑ مدد کرنے والے، مخالفوں سے مباحثہ کرنے والے اور قرآن مجید واحادیث پیش کرتے ہیں۔ اب مجھے معلوم نہیں۔ کیونکہ اب کوئی ان کی کتاب میں نے نہیں پڑھی۔ چنانچہ شیخ اللہ دتا صاحب نے کہا۔ کہ آپ خود جائیں۔ اور حالات دریافت کر آئیں۔ مولوی صاحب نے عذر کیا۔ کہ میرے گھر میں کوئی نہیں۔ اور سفر خرچ وغیرہ بھی نہیں۔ میں نے کہا کہ سفر خرچ وغیرہ میں دوں گا۔ تب میں اور شیخ قمر الدین والد شیخ فضل حق احمدی، اور مولوی برہان الدین تینوں مل کر قادیان جانے کے لئے تیار ہوئے۔ چنانچہ جب نہر پر پہنچے۔ تو جو مقدمہ خواب میں نے دیکھا تھا بعینہ وہی تھا۔ اور عین گیارہ بجے قادیان پہنچے۔ اور بالکل خواب کا نظارہ وہاں پایا۔ تب حضرت مسیح موعود کو ملے۔ اور جس کمرہ میں خواب میں بیٹھے تھے۔ اسی کمرہ میں آپ کو بیٹھے پایا۔ تب مولوی صاحب نے عذر خواہی کی۔ کہ میں نے کفر کے فتوے پر دستخط کئے ہوئے تھے۔ اور میں نے غلطی سے فتوے پر دستخط کئے ہیں۔ میں معافی مانگتا ہوں۔ حضرت صاحب نے مسکرا کر فرمایا۔ کہ ایسا ہو جاتا ہے۔ یہ معمولی بات ہے بیعت کے لئے عرض کی۔ تو فرمایا۔ کہ دو تین دن ٹھہر کر تحقیق کر لو۔ اور پھر بیعت کرنا۔ مولوی صاحب نے کہا کہ شیطان دشمن ہے۔ شائد کوئی اور شبہ ہمارے دل میں نہ ڈال دے۔ آپ بیعت لے لیں۔ تب دوسرے دن جولائی 1892ء کو آپ نے بیعت لی''۔

(الحکم 21 جولائی 1938ء صفحہ 4-5)

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

### بدھ 8 مئی 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-40 a.m | لقاء مع العرب |
| 1-45 a.m | عربی سروس |
| 2-45 a.m | تبرکات |
| 3-40 a.m | ایم ٹی اے یو ایس اے |
| 4-40 a.m | خطبہ جمعہ (14-6-96ء) |
| 6-05 a.m | تلاوت۔ تاریخ احمدیت۔ خبریں |
| 7-00 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 7-30 a.m | مجلس سوال وجواب |
| 8-30 a.m | ہماری کائنات |
| 9-15 a.m | اردو کلاس |
| 10-30 a.m | سفر ہم نے کیا |
| 11-00 a.m | چلڈرنز ملاقات |
| 12-05p.m | خبریں |
| 12-25 p.m | لقاء مع العرب |
| 1-30 p.m | سواحیلی سروس |
| 2-45 p.m | مجلس عرفان |
| 3-45 p.m | دینی آداب |
| 4-15 p.m | انڈونیشین سروس |
| 5-15 p.m | سفر ہم نے کیا |
| 5-40 p.m | واقفین نو سکیم کا تعارف |
| 6-05 p.m | تلاوت۔ تاریخ احمدیت۔ خبریں |
| 6-50 p.m | اردو کلاس |
| 8-00 p.m | بنگالی پروگرام |
| 9-05 p.m | چلڈرنز ملاقات |
| 10-05 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 10-30 p.m | فرانسیسی ملاقات |
| 11-35 p.m | جرمن سروس |

### جمعرات 9 مئی 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-40 a.m | لقاء مع العرب |
| 1-45 a.m | عربی سروس |
| 2-45 a.m | مجلس سوال وجواب |
| 3-45 a.m | ہماری کائنات |
| 4-30 a.m | چلڈرنز ملاقات |
| 5-30 a.m | سفر ہم نے کیا |
| 6-05 a.m | تلاوت۔ درس ملفوظات۔ خبریں |
| 7-00 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 7-35 a.m | مجلس سوال وجواب |
| 8-45 a.m | ایم ٹی اے لائف سٹائل |
| 9-15 a.m | چلڈرنز کلاس (کینیڈا) |
| 10-10 a.m | تقریر |
| 10-30 a.m | کمپیوٹر سب کے لئے |
| 11-00 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 12-05p.m | خبریں |
| 12-25 p.m | لقاء مع العرب |
| 1-35 p.m | سندھی سروس |
| 2-45 p.m | مجلس سوال وجواب |
| 3-45 p.m | تقریر |
| 4-15 p.m | انڈونیشین سروس |
| 5-15 p.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 5-40 p.m | المائدہ |
| 6-05 p.m | تلاوت۔ درس ملفوظات۔ خبریں |
| 7-00 p.m | مجلس سوال وجواب |
| 8-00 p.m | بنگالی پروگرام |
| 9-05 p.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 10-05 p.m | چلڈرنز کارنر |

یاالٰہی! تیرا فرقاں ہے کہ اِک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اس میں مہیا نکلا
سب جہاں چھان چکے ساری دکانیں دیکھیں
مئے عرفاں کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا
کس سے اس نُور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ
وہ تو ہر بات میں ہر وصف میں یکتا نکلا
پہلے سمجھے تھے کہ مُوسیٰ کا عصا ہے فُرقاں
پھر جو سوچا تو ہر اِک لفظ مسیحا نکلا

(درثمین)

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# ملکی خبریں
## ملکی ذرائع ابلاغ سے

### ربوہ میں طلوع وغروب

| | | | |
|---|---|---|---|
| سوموار | 6 مئی | زوال آفتاب | 1-06 |
| سوموار | 6 مئی | غروب آفتاب | 7-54 |
| منگل | 7 مئی | طلوع فجر | 4-44 |
| منگل | 7 مئی | طلوع آفتاب | 6-16 |

### الیکشن بھی ریفرنڈم کی طرح شفاف ہونگے

صدر جنرل مشرف نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ آئندہ چھ ماہ میں سیاسی آئینی اصلاحات کے عمل کو تیزی سے آگے بڑھایا اور مکمل کیا جائے گا- عوام سے کئے گئے وعدے پورے کئے جائیں گے- اس کام کی موثر مانیٹرنگ کی جائے گی- نچلی سطح پر اختیارات کی منتقلی سے متعلق بلدیاتی ارکان کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا اور انہیں مالیاتی اختیارات دیئے جائیں گے- اس سلسلہ میں وفاقی وزیر خزانہ واقتصادی امور اور قومی تعمیر نو بیورو کے چیئرمین جلد رپورٹ پیش کریں گے تاکہ بلدیاتی ارکان کو مالیاتی اختیارات دینے کے کام کو آگے بڑھایا جا سکے-

**کراچی میں متحدہ کے خلاف آپریشن** کراچی کے مختلف علاقوں میں متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف پولیس نے مڈنائٹ آپریشن کے دوران 75 افراد کو گرفتار کر کے ان سے بڑی تعداد میں اسلحہ برآمد کر لیا ہے- گرفتار شدگان میں انچارج اور یونٹ انچارج بھی شامل ہیں- ان میں متعدد افراد ایسے ہیں جو حال ہی میں ضمانتوں پر رہا ہو کر آتے تھے- اس سلسلہ میں مزید گرفتاریاں جاری ہیں-

**تھل کینال پر کام جاری رہے گا-** گورنر پنجاب نے کہا ہے کہ حکومت کابینہ میں دو تین وزراء کا اضافہ کرنے پر غور کر رہی ہے تاکہ موجود وزراء سے کام کا دباؤ کم ہو سکے- وہ گورنر ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے- انہوں نے کہا کہ ریفرنڈم گزر چکا ہے- اب نہ تو حکومت کی طرف سے جلسے اور ریلیاں نکالی جائیں گی اور نہ ہی اپوزیشن کو ان کی اجازت دی جائے گی- حکومت اب اپنی تمام توانائیاں ترقیاتی پروگراموں اور عوام کو ریلیف دینے کیلئے وقف کر دے گی- انہوں نے کہا کہ حکومت کاشتکاروں سے گندم کا ایک ایک دانہ خریدے گی- فرد پٹواری زمین کی نقول سمیت تمام قواعد وضوابط ختم کر دیئے گئے ہیں اب صرف ناظم کسان ہونے کی تصدیق کر سکے گا- انہوں نے مزید کہا کہ گریٹر تھل کینال 1991ء کے پانی کے معاہدے کا حصہ ہے اس پر کام جاری رہے گا- حکومت چاروں صوبوں کے مفادات کا خیال کر رہی ہے-

**ریفرنڈم نے مشرف کی ساکھ کو نقصان پہنچایا** یورپی یونین نے صدر مشرف کے ریفرنڈم پر سرکاری تبصرہ نہیں کیا- تاہم سفارتکاروں کے مطابق 15 اقوام پر مشتمل بلاک کی حکومتیں چاہتی ہیں کہ اکتوبر میں پروگرام کے مطابق آزاد اور شفاف الیکشن کا انعقاد کیا جائے- یورپی یونین کے ایک سفارتکار نے بتایا کہ پارلیمانی انتخابات مشرف کے بحالی جمہوریت کے عزم کا پتہ چلانے میں اہم ٹیسٹ ثابت ہوں گے- امکان ہے کہ یہ پیغام یورپی یونین نے ایکسٹرنل ریلیشنز مشنر کرس پیٹن 21 مئی کو دورہ اسلام آباد کے دوران پاکستانی حکام تک پہنچائیں گے- برسلز اور دیگر یورپی دارالحکومت میں اس امر پر تشویش پائی جاتی ہے کہ متنازعہ ریفرنڈم نے صدر مشرف کی اندرون وبیرون ملک ساکھ کو نقصان پہنچایا-

**انتخابات سے قبل اصلاحات کا عمل** صدر جنرل مشرف نے اصلاحات کے عمل کی رفتار تیز کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اکتوبر میں عام انتخابات سے قبل اصلاحات کے عمل پر تیز ترین عمل درآمد ممکن بنایا جائے وہ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں خطاب کر رہے تھے-

**ریفرنڈم کے نتائج سے مطمئن ہیں** چین نے امید ظاہر کی ہے کہ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں ملک کے تابناک مستقبل کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کریں گی- چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے صدارتی ریفرنڈم کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ چین ریفرنڈم کے نتائج سے بہت مطمئن ہے- کیونکہ اس سے صدر مشرف کیلئے لوگوں کی حمایت ثابت ہو گئی ہے- انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ صدر مشرف کی قیادت میں پاکستان سماجی استحکام نسلی ہم آہنگی اور اقتصادی ترقی کے حصول میں کامیاب ہو جائے گا- انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانیوں کی اکثریت نے صدر مشرف جیسے قول کے پکے جنرل کے برسراقتدار رہنے کو ترجیح دی ہے-

**افغانستان کی تعمیر نو کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے** صدر جنرل مشرف نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان افغانستان کی تعمیر نو استحکام اور خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرے گا- وہ افغان وزیر مواصلات کی قیادت میں افغان عبوری حکومت کے چار رکنی وفد سے گفتگو کر رہے تھے-

**نیوزی لینڈ کے خلاف ٹیسٹ میں ایک اننگز سے پاکستان کی فتح** قذافی سٹیڈیم میں کھیلے جانے والے پہلے ٹیسٹ میں پاکستان نے نیوزی لینڈ کی ٹیم کو ایک اننگز اور 324 رنز سے شکست دے دی- نیوزی لینڈ کی بیٹنگ پہلی اننگز میں شعیب اختر کی باؤلنگ کے سامنے تہس نہس ہو کر صرف 73 رنز کے ٹوٹل پر ڈھیر ہو گئی- شعیب اختر نے 11 رنز کے عوض 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا- ٹرپل سنچری بنانے والے انضمام الحق کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا- پاکستان کی یہ شاندار فتح کرکٹ کی تاریخ کا اہم سنگ میل ہے-

**الطاف حسین کی گرفتاری کیلئے انٹرپول سے رابطے** حکومت نے متحدہ کے قائد الطاف حسین سمیت 6 رہنماؤں کی گرفتاری کیلئے انٹرپول سے رابطہ کرنے کی تیاری کر لی ہے- ان پر دہشت گردی قتل اور تخریب کاری کی درجنوں وارداتوں میں ملوث ہونے کا الزام ہے- امکان ہے کہ وزارت داخلہ کے اعلیٰ حکام متحدہ کے رہنماؤں کے خلاف مقدمات کی تفصیلات جلد ہی انٹرپول کو ارسال کر دیں گے- حکومت نے ہڑتال کے بعد اعلیٰ ترین سطح پر یہ فیصلہ کیا ہے-

**تین وزراء کی متحدہ کے خلاف آپریشن پر مخالفت** کراچی میں متحدہ کے خلاف آپریشن کے حوالے سے معلوم ہوا ہے کہ تین وفاقی وزراء اور صوبائی بیوروکریسی میں شامل تین بااثر افسر آپریشن کی مخالفت کر رہے ہیں-

**سرحدوں پر افواج کا اجتماع** پاکستان رینجرز اور بی ایس ایف کے درمیان منعقد ہونے والا ششماہی اجلاس منسوخ کر دیا گیا ہے-

اکسیر بلڈ پریشر
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
Fax:213966 ☎ 04524-212434

جدید ڈیزائنوں میں اعلیٰ زیورات بنوانے کیلئے ہمارے ہاں تشریف لائیں-
نسیم جیولرز اقصیٰ روڈ ربوہ
فون دکان 212837
رہائش 214321

دانتوں کا معائنہ مفت ☆ عصر تا عشاء
احمد ڈینٹل کلینک
ڈینٹسٹ: رانا مدثر احمد طارق مارکیٹ اقصیٰ چوک ربوہ

فاؤنڈیشن کورس
میٹرک کے امتحان سے فارغ طلباء وطالبات کیلئے انگلش لینگویج، Math اور کمپیوٹر پر مشتمل فاؤنڈیشن کورس کے تیسرے گروپ میں داخلہ جاری ہے-
نیشنل کالج 23- شکور پارک ربوہ فون: 212034

### گھڑیاں آگے کرنے کے دینی فوائد

مکرم حنیف احمد محمود صاحب اسلام آباد سے لکھتے ہیں خاکسار کا بھجوایا ہوا مضمون بابت "ڈی ایس ٹی" نظام آپ نے روزنامہ الفضل شمارہ 23 اپریل 2002ء میں شائع فرمایا:-

اس نظام کے مادی فوائد کا ذکر تو ہو گیا مگر روحانی فوائد کا ذکر شائع ہونے سے رہ گیا ہے- جبکہ جماعت احمدیہ کے نزدیک روحانیت بنسبت مادیت زیادہ مدنظر رہتی ہے- اس کا ایک بڑا فائدہ جس سے شہری جماعتیں بالخصوص فائدہ اٹھا سکتی ہیں یہ ہے کہ نماز باجماعت نماز سنٹرز یا بیوت الذکر میں پہنچ کر ادا ہو سکتی ہے- اسلام آباد میں ہم اس سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں- دفتروں میں کام کرنے والے دوست احباب کیلئے نماز مغرب سنٹرز پر پہنچ کر ادا کرنی پہلے مشکل ہوتی تھی مگر اب وہ جلد فارغ ہو کر گھر آ جاتے ہیں اور نماز مغرب اگر نہیں تو نماز عشاء تو بالضرور نماز سنٹر پر ادا ہو سکتی ہے اور یوں اس نظام کو اپنا کر دین کے ایک اہم حکم پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں- اس کے علاوہ جماعتی خدمات میں بھی ہر ایک شخص بالخصوص ہمارے نوجوان وافر وقت دے سکتے ہیں-

SHARIF
JEWELLERS
RABWAH ☎ 212515

مڈوے موٹرز
ہماری ورکشاپ میں ہر قسم کی گاڑیوں کی مرمت (ریپئرنگ) اوور ہالنگ- ویل الائنمنٹ ویل بیلنسنگ ڈینٹنگ- پینٹنگ آٹو الیکٹرک اور اے سی کا کام نہایت مناسب قیمت پر کیا جاتا ہے- نیز سپیئر پارٹس بھی دستیاب ہیں-
گولڑہ روڈ بالمقابل سی ایم ٹی مین گیٹ اسلام آباد
فون 5476460

جرمن ولوکل ہومیو پیتھک ادویات
جرمن ولوکل ہومیو پیتھک ادویات، مدر ٹنکچرز، پوٹینسیاں، بائیو کیمک ادویات، سادہ نکیاں، گولیاں شوگر آف ملک وغیرہ رعائتی قیمتوں پر دستیاب ہیں- نیز 117 ادویات کے جرمن پوٹینسی سے تیار شدہ بریف کیس دستیاب ہیں-
کیور ٹو میڈیسن کمپنی انٹرنیشنل گولبازار ربوہ- فون 213156

روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل-61